ادارہ



تعارف تبصرہ کتب

حدود آرڈیننس اور تحفظ نسواں بل۔ مصنف: ابوعمار مولانا زاہد الراشدی

ضخامت: ۱۵۲ صفحات قیمت۔/۱۲۰ روپے

ناشر: الشریعہ اکادمی ہاشمی کالونی گوجرانوالہ

مولانا زاہد الراشدی صاحب ممتاز عالم دین مشہور کالم نگار کہنہ مشق صاحب قلم اور مؤقر دانشور ہیں۔ ملک کے مختلف اخبارات و جرائد میں آپ کے پُر مغز مضامین و مقالات بڑے ذوق وشوق کے ساتھ پڑھے جاتے ہیں۔ ملک و بیرون ملک میں آپ کے قارئین کا ایک وسیع حلقہ موجود ہے۔ زیر تبصرہ کتاب میں آپ نے حدود آرڈیننس کے متعلق وقتاً فوقتاً جو کالم لکھے ہیں ان کو آپ نے یکجا کر کے انکو کتابی شکل دی ہے۔ اس میں آپ نے چھ جلی عنوانات لگائے ہیں' جن کی تفصیل درج ذیل ہے' حدود آرڈیننس اور تحفظ نسواں بل پس منظر اور پس منظر حدود آرڈیننس کی مخالفت فکری ونظری کشمکش کا جائزہ' حدود آرڈیننس کی تعبیر وتشریح اور اسلامی نظریاتی کونسل کا کردار' حدود قوانین اور ہمارا قانونی وعدالتی نظام' تحفظ نسواں بل کے بارے میں علماء اور دینی حلقوں کا موقف' ضمیمہ۔

کتاب کے پیش لفظ کے آخر میں مولانا فرماتے ہیں'' حدود آرڈیننس میں ترامیم اور تحفظ نسواں ایکٹ کے حوالے سے ہم نے مختلف اخبارات و جرائد میں شامل ہونے والے اپنے مضامین میں ورلڈ اسٹیبلشمنٹ کے اسلام کے خلاف ایجنڈے لوکل اسٹیبلشمنٹ کے تضاد اور دورخی اور بعض دانشوروں کے پیدا کردہ اسی کنفوژن کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے۔'' مولانا نے اپنے مخصوص انداز میں اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے اور ملاحدہ اور دیگر مغرب زدہ مستغربین کا جس علمی اور سنجیدہ اسلوب سے ان پر تنقید کی ہے اور ان کے افکار فاسدہ اور خیالات فاسدہ کا پوسٹ مارٹم کیا ہے اور جو تحقیقی نکات آپ نے اٹھائے ہیں۔ وہ قابل غور ہیں۔ کتاب ہر لحاظ سے بہترین اور ملک بھر کی لائبریری کی زینت بنانے کے لائق ہے۔